سوال

بڑے بڑے مالدار لوگوں میں یہ عادت ہے کہ وہ مہر خالص ریشمی کپڑے پر لکھتے ہیں کیا ایسا کرنا جائز ہے ؟

جواب

الحمد للہ

ایسا کرنا جائز نہیں کیونکہ مردوں کے لیے ریشم لباس یا کسی اور چیز میں استعمال کرنا جائز نہیں ، بلکہ اس کا پہننا صرف عورتوں کے لیے جائز ہے ، اور مہر کا لکھنا مردوں کے استعمال میں ہے اس لیے یہ حرام ہوگا ۔

اکثریت کے عمل کو نہیں دیکھا جائے گا اور نہ ہی یہ دیکھا جائے کہ اس عمل کو دیکھنے والے تو بہت زیادہ ہیں لیکن اس سے روکنے والے کم ، اس لیے کہ یہ بھی باقی حرام چیزوں کی طرح ہی ہے جن پر عادتا لوگ عمل کرتے رہتے ہیں اس سے یہ جائز نہیں ہوگا ۔

ہمارے اصحاب نے ریشم پر مہر لکھنے کو صراحتا حرام کہا ہے ،

واللہ تعالی اعلم ۔

اسلام سوال وجواب

8884